PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 27اکتوبر2025ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے جامع انتظامات کر رہا ہے۔اس سلسلے میں ووٹرز کے اندراج, متعلقہ بلاکس میں منتقلی اور قومی شناختی کارڈ کے مطابق کوائف کی درستگی کا عمل جاری ہے تاکہ ہر شہری کو اپنے حقِ رائے دہی کے استعمال کا موقع فراہم کیا جا سکے۔اس سلسلے میں الیکشن کمیشن عوام الناس سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اپنے ووٹ کے صحیح اندراج کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی الیکشن کمشنر کوئٹہ سے رابطہ کریں اور متعلقہ انتخابی فہرستوں میں درج اپنے ووٹ کے کوائف کا معائنہ کریں اور اگر انتخابی فہرست میں ووٹ درج نہیں ہے یا ووٹ کے کوائف میں درستگی درکار ہے تو متعلقہ فارم جمع کرائیں۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ بلدیاتی انتخابات کے لیے امیدوار، تجویز کنندہ اور تائید کنندہ کا متعلقہ وارڈ کا ووٹر ہونا قانونی طور پر ضروری ہے۔اس لیے تمام متوقع امیدواران اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے اپنے، انکے تجویز کنندگان اور تائید کنندگان کے ووٹ متعلقہ وارڈوں کی انتخابی فہرست میں لازمی طور پر موجود ہیں۔ یاد رہے انتخابی فہرستوں کی تکمیل کے بعد بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کیا جائے گا جس کے بعد قانون کے مطابق کسی بھی ووٹ کا اندراج،ٹرانسفر یا اخراج ممکن نہیں ہوگا۔

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING